DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 22-07-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔متاثرین کی امداد وبحالی کے کاموں سے موثر طور پر نمٹیں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔بنکنگ سیکٹر کی بلوچستان میں سرمایہ کاری خوش آئند اقدام ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔ناقص خوراک تیار وفروخت کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، زمرک اچکزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔عوام نے پارٹی پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اسے ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، سردار بھوتانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔معیاری تعلیم کو فروغ دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔نیشنل ایکشن پلان پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔عمران خان نے شکست تسلیم کر لی گملے میں اگائی گئی پی ٹی آئی سکڑ رہی ہے، مولانا واسع | مشرق ودیگر اخبارارت |
| 8۔مرد خواتین ای کامرس پر توجہ دیکر روزگار کے مواقع حاصل کریں، ربابہ بلیدی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 9۔بلوچستان میں لاء اینڈ آرڈر جیسے مسائل پر قابو پالیا گیا ہے، ترجمان حکومت | مشرق ودیگر اخبارات |
| 10۔بلوچستان میں بارشیں کا 30 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا 99 افراد ہلاک 4 ہزار گھر متاثر، پی ڈی ایم کی رپورٹ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 11۔ڈی سی چاغی اور بریگیڈیئر کی سربراہی میں تیل کمیٹی کا اجلاس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 12۔گوادر ہیضہ سے متاثرہ مریضوں کیلئے فری میڈیکل کیمپ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13۔منظم پروپیگنڈے سے عوام کو گمراہ کیا جارہا ہے، آئی ایس پی آر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14۔کانگو وائرس سے ہلاکتیں بلوچستان اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15۔بلوچستان سے مبینہ لاپتہ افراد کالعدم تنظیم کے عہدیدار نکلے ویڈیو فوٹیج میں اعتراف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16۔آئی جی کی زیر صدارت اجلاس محرم الحرام کیلئے ڈی پی اوز سے سیکورٹی پلان طلب | مشرق ودیگر اخبارات |
| 17۔لاپتہ افراد کی جعلی مقابلوں میں مارنا انسانی حقوق کیخلاف ہے، عبدالمالک | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

وڈھ مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق ایک زخمی ہو گیا، منگچر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مسافر کوچ کے ٹائر برسٹ ڈرائیوروں کا احتجاج، گوادر میں ریموٹ کنٹرول دھماکہ ایک شخص زخمی، حب کے قریب کارروائی 22 سے زائد موٹر سائیکلیں برآمد،

## عوامی مسائل

مستونگ میں چوروں ڈاکوں کا راج پولیس نے گھٹنے ٹیک دیئے بلوچستان عوامی پارٹی، امدادی سامان من پسند افراد میں تقسیم ہو رہا ہے بی این پی پنجگور کا الزام، بارکھان لیڈی میڈیکل آفیس غائب خواتین کو علاج میں دقت کا سامنا،

مورخہ22-07-2022

**اداریہ**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**ریکوڈک منصوبے سے متعلق عملی اور خوش آئند پیشرفت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ہمارے صوبے (بلوچستان) کو اللہ تبارک وتعالی نے بیش بہا معدنی خزائن اور وسائل سے مالا مال اور سرفراز فرمایا ہے لیکن المیہ دیکھیں کہ ان خزائن وسائل اور مواقع کو ملک وقوم اور صوبے کی ترقی خوشحالی اور روشن مستقبل کیلئے بطریق احسن بروئے کار لانے کیلئے وہ سنجیدگی، فہمیدگی اور عملی اقدامات نہیں اُٹھائے جاسکے جس کی ضرورت ہے بلکہ اس سے بھی بڑا المیہ ہوا کہ ان وسائل سے خاطر خواہ استفادہ دے کی بجائے عدم توجہی برتی گئی نتیجہ یہ نکلا کہ وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود بلوچستان مسائل کی آماہ جگا بنتا گیا غربت، پسماندگی، بے روزگاری اور دیگر معاشی مسائل کے حل کیلئے اگر ماضی میں بروقت منصوبہ بندی کی جاتی اور دوٹوک اقدامات اُٹھائے جاتے تو عین ممکن ہے کہ آج ہمارے صوبے کا منظر نامہ ہی کچھ اور ہوتا بہر حال اب یہ ایک اچھی اور خوش آئند پیشرفت دیکھنے میں آرہی ہے کہ نہ صرف صوبے میں ترقیاتی عمل تیز رفتاری سے جاری ہے بلکہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور خصوصیت کے ساتھ بلوچستان کے وسائل کو بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے زیادہ سے زیادہ بروئے کار لانے کیلئے اقدامات کا عملی سلسلہ جاری ہے بلوچستان کے خاطر خواہ استفادے کو یقینی بنایا جائے گا تا کہ آنے والی حکومتیں بھی اس راہ پر چلیں اور بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کے دیرینہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے۔

**اداریے**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**ریکوڈک منصوبے پر کام کا آغاز بلوچستان کیلئے بہت اچھی خبر** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Curbing cholera outbreak" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

**مضامین**

روزنامہ آزادی نیوز کوئٹہ نے "**خوشحال بلوچستان** " کے عنوان سے شیخ فرید کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ سچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس (MERC) بلوچستان** " کے عنوان سے مضمون شائع کیا۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ______ Dated: ______ Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
قیمت 20 روپے
جلد 51 | جمعۃ المبارک 22 ذوالحجہ 1443ھ 22 جولائی 2022ء | نمبر 199

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس، پنجاب سے گندم کی خریداری، پی ایس ایس اور پی سی ایس سروسز کیڈر کے درمیان پوسٹوں کی تقسیم کے فارمولے کی منظوری

شدید بارشوں سے پیدا صورتحال

# متاثرین کی امداد و بحالی کے کام سے موثر طور پر نمٹیں گے، قدوس بزنجو

ریکوڈک معاہدہ پر عملدرآمد کا آغاز ایک بڑی کامیابی ہے، 14 اگست سے باقاعدہ کام کا آغاز ہوجائیگا، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت منعقد ہونے والے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں محکمہ خوراک کو صوبہ پنجاب سے ضرورت کے مطابق گندم کی خریداری کی منظوری دیدی گئی صوبائی کابینہ نے پی ایس ایس اور پی سی ایس سروسز کیڈر کے درمیان پوسٹوں کی تقسیم کے فارمولے کی منظوری بھی دیدی واضح رہے کہ فارمولے کے مطابق پی اے ایس گروپ کے 18 اور 19 گریڈ کی منتقل پوسٹوں میں پی ایس ایس کا 60 فیصد اور پی سی ایس کا 40 فیصد حصہ ہوگا کابینہ نے فیصلہ کیا کہ ڈیپیرٹی کے خاتمے کیلئے مستقبل میں اسامیوں کی تخلیق میں پی ایس ایس کا حصہ 66 فیصد اور پی سی ایس کا حصہ 34 فیصد ہوگا کابینہ نے آواران میں لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر واٹر اینڈ میرین سائنسز کے سب کیمپس کے قیام کی منظوری بھی دیدی اسی طرح سے کابینہ نے غیر ممنوعہ بور اسلحہ لائسنس کے اجراء پر عائد پابندی ختم کرنے کی اصولی منظوری دیتے ہوئے محکمہ داخلہ کو اسلحہ لائسنس کے اجراء کا طریقہ کار بنانے کی ہدایت کی کابینہ نے مستقل اقامتی سرٹیفکیٹ (پی آر سی) کے اجراء کیلئے قانون سازی کرنے کی منظوری بھی دیدی کابینہ نے اس حوالے سے قانون سازی کیلئے جامع سفارشات کی تیاری کے ضمن میں کمیٹی کے قیام کی ہدایت کی کابینہ نے فیصلہ کیا کہ تمام سٹیک ہولڈرز اور سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کو کمیٹی میں شامل کیا جائے گا کابینہ نے اس ماہ کی 19 تاریخ کو منعقد ہونے والے لوکل کونسل گرانٹ کمیٹی کے فیصلوں کی توثیق بھی کردی سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے کابینہ کو فیصلوں کے حوالے سے بریفنگ دی کابینہ نے کوئٹہ شہر کے نکاسی آب کے بند پوائنٹس کھولنے کیلئے ایم سی کیو کو مطلوبہ فنڈز کے اجراء کی منظوری دے دی کابینہ نے ڈرافٹ بلوچستان اکوپیشن سیفٹی اینڈ ہیلتھ بل 2022 کی بھی منظوری دیدی اسی طرح سے کابینہ نے بلوچستان ایمپلائی سوشل سیکورٹی انسٹیٹیوشن بل 2022 کی بھی منظوری دیدی کابینہ نے بلوچستان ورکرز کمپنسیشن بل 2020 کی بھی منظوری دیدی کابینہ نے مائنز ایکٹ 1923 کے سیکشن 10 کے تحت مائننگ بورڈ کی تشکیل کیلئے کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کرتے ہوئے اسے کابینہ کے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت کی کابینہ نے رکن قومی اسمبلی کشور زہرا و دیگر اراکین کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کیا جانے والا آئینی ترمیمی بل 2021 کے تحت آرٹیکل 140-A میں ترمیم کی منظوری کی توثیق کردی کابینہ کو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ اور ایڈمنسٹریٹر ایم سی کیو جبار بلوچ نے شہر میں تجاوزات کے خاتمے کی مہم کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شہر کے نالوں اور آبی گذرگاہوں میں گھر اور دکانیں قائم ہیں جس کی وجہ سے یہ تجاوزات جانی و مالی نقصانات کا باعث بن رہی ہیں کابینہ نے تجاوزات کے رجحان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کے خاتمے اور نالوں، نکاسی آب اور آبی گذرگاہوں کی ہنگامی بنیادوں پر صفائی کی مہم کے آغاز کی منظوری دی کابینہ نے ہدایت کی کہ مہم کے حوالے سے سول سوسائٹی میڈیا اور معاشرے کے بااثر حلقوں کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔

## نیشنل ایکشن پلان پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، مشیر داخلہ

**داخلی اور خارجی راستوں پر نگرانی مزید سخت، ٹیمیں ہائی الرٹ ہو کر ذمہ داریاں انجام دیں، ضیاء لانگو**

کوئٹہ (خ ن) مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے سماج دشمن عناصر کے خلاف انسدادی کارروائیوں میں مزید تیزی لا کر حساس تنصیبات، مذہبی عبادت گاہوں، تعلیمی اداروں کی سکیورٹی کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور سماج دشمن عناصر کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھے جائیں تاکہ تخریب کار امن عامہ خراب کرنے کے اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکیں، مشیر داخلہ نے ہدایت کی کہ حالیہ واقعات کے پیش نظر صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کرنے کے ساتھ کالعدم تنظیموں کی نگرانی کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے، کالعدم تنظیموں، دہشت گرد اور شدت پسند عناصر سمیت ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے اور نیشنل ایکشن پلان کے وضع کردہ تمام قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر چیکنگ اور نگرانی کا عمل مزید بہتر کیا جائے اور سی ٹی ڈی اور سپیشل برانچ کی ٹیمیں انٹیلی جنس بیسڈ اور کومبنگ آپریشنز میں تیزی لائیں۔ میر ضیاء لانگو نے ہدایت کی کہ صوبائی دارالحکومت سمیت بڑے شہروں کے داخلی اور خارجی راستوں پر نگرانی کا عمل مزید سخت کیا جائے اور تمام ٹیمیں ہائی الرٹ رہتے ہوئے پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دیں۔ مشیر داخلہ نے یہ ہدایات صوبے میں امن وامان کی صورتحال بارے اجلاس کی صدارت کے دوران افسران کو جاری کیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل آئی جی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے سماج دشمن اور شدت پسند عناصر کے خلاف ہونے والی کارروائیوں کے بارے میں بریفنگ دی جس پر مشیر داخلہ نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھی جائے اور اس سلسلے میں جاری کردہ ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائے۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کردار اور خدمات قابل ستائش ہیں، افسران واہلکار اسی جذبے اور فرض شناسی کے ساتھ فرائض کی ادائیگی کا سلسلہ جاری رکھیں اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔



## عمران خان نے شکست تسلیم کر لی گملے میں اگائی گئی پی ٹی آئی سکڑ رہی ہے

مولانا واسع

**ملکی حالات سری لنکا اور گھانا سے بالکل مختلف ہیں پاکستان کے دیوالیہ ہونے کے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہی کبھی ایسا ہوگا**

**حکومت اپنی مدت پوری کرے گی سابقہ حکمرانوں نے ملک کو اقتصادی طور پر تباہ کر دیا اب معاشی حالات کو ٹھیک کرنے میں وقت لگے گا**

**عدالت نے سابق وزیر اعظم، سپیکر، ڈپٹی سپیکر، سابق وزیر قانون، اٹارنی جنرل کو آئین شکن قرار دے دیا، وفاقی وزیر کا اظہار خیال**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرے گی سابقہ حکمرانوں نے ملک کو اقتصادی طور پر تباہ کر دیا اب معاشی حالات کو ٹھیک کرنے میں وقت لگے گا مولانا فضل الرحمان کو جیل میں ڈالنے کی خواہش کرکے عمران خان نے شکست تسلیم کر لی۔ گملے میں اگائی گئی پی ٹی آئی سکڑ رہی ہے۔ ان خیالات......


بقیہ نمبر1 صفحہ 10 پر


کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر ہونے والی مہنگائی کے باعث رواں مالی سال میں پاکستان میں مہنگائی کی شرح اٹھارہ سے بیس فیصد رہنے کی توقع ہے، ملکی حالات سری لنکا اور گھانا سے بالکل مختلف ہیں پاکستان کے دیوالیہ ہونے کے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہی کبھی ایسا ہوگا مولانا عبدالواسع نے کہا معاشی صورت حال کو مسلسل مانیٹر کر رہے ہیں، روپے کی قدر مستحکم رکھنے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، پاکستان کبھی ڈیفالٹ نہیں کرے گا اور نہ ہی کبھی دیوالیہ ہوگا۔ انہوں نے کہا سپریم کورٹ نے نام نہاد سازشی بیانیے کے جھوٹا ہونے پر مہر ثبت کر دی۔ پی ٹی آئی کو اپنی سیاست چمکانے کیلئے نعرہ چاہیے تھا اسلئے امریکی سازش کا بیانیہ رچایا گیا۔ روز اول سے ہم کہہ رہے تھے کہ یہ جھوٹ ہے، کارکردگی کوئی نہیں تھی، عوام کو دھوکے میں رکھا جا رہا تھا۔ عدالت نے سابق وزیر اعظم، سپیکر، ڈپٹی سپیکر، سابق وزیر قانون، اٹارنی جنرل کو آئین شکن قرار دے دیا۔ پارلیمان کی بالادستی اور آئین کی تقدس کیلئے اب پارلیمنٹ کو ہی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، تاکہ کل کو اس قسم کے اقدامات کے ذریعے پارلیمنٹ کی توہین اور آئین کی خلاف ورزی نہ ہو۔

## مرد وخواتین ای کامرس پر توجہ دیکر روزگار کے مواقع حاصل کریں

ربابہ بلیدی

**بلوچستان میں ای کامرس کی آگاہی وتربیت کے مواقع نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کی اکثریت اس سے نابلد ہے**

**پاکستان میں گزشتہ سال چار ارب ڈالر جبکہ دنیا بھر میں 30 کھرب ڈالر کی ای کامرس ہوئی، پارلیمانی سیکرٹری**

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری سائنس اینڈ ٹیکنالوجی قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں نوجوانوں اور بنیادی خواندہ بیروزگار مرد وخواتین کو ای کامرس کی تربیت دیکر روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں گے پاکستان میں ای کامرس کے ذریعے ہزاروں افراد گھر بیٹھے کاروبار کر رہے ہیں تاہم بلوچستان میں ای کامرس کی بنیادی آگاہی اور تربیت کے مواقع نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کی اکثریت ای کامرس سے نابلد ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوتھ کامرز اور فری لانسرز کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ پاکستان میں گزشتہ سال چار ارب ڈالر جبکہ دنیا بھر میں 30 کھرب ڈالر کی ای کامرس ہوئی، حکومت نے فری لانسرز کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں، سال 2020 میں فری لانسر کے لیے ماہانہ رقم منگوانے کی حد پانچ ہزار ڈالر تک تھی جسے حکومت نے بڑھا کر 25 ہزار ڈالر ماہانہ کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں تقریباً دس لاکھ کے قریب فری لانسرز ہیں مگر وہ کہیں رجسٹرڈ نہیں تاہم وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی نے ان کی رجسٹریشن کا عمل حال ہی میں شروع کیا ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان آئی ٹی پارک ایک غیر معمولی پیش رفت ہے۔

## منظم پروپیگنڈے سے عوام کو گمراہ کیا جارہا ہے، آئی ایس پی آر

**سلیم بلوچ کو ایک ویڈیو میں اپنے ساتھیوں کیساتھ دیکھا جاسکتا ہے، زمینی حقائق یکسر مختلف ہیں**

کوئٹہ (پ ر) لیفٹیننٹ کرنل لائق کے قاتلوں کو لاپتا افراد میں شامل کرنے کا پروپیگنڈا ہے نقاب بی ایل اے کے دہشتگردوں کی ویڈیو سامنے آگئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 12 جولائی کو لیفٹیننٹ کرنل لائق بیگ مرزا اور ان کے کزن عمر جاوید کو دہشت گردوں نے زیارت سے کوئٹہ جاتے ہوئے بیوی بچوں کے سامنے اغوا کیا تھا اگلے دن لیفٹیننٹ کرنل لائق کو بیدردی سے شہید کر دیا گیا اور 17 جولائی کو ان کے کزن عمر جاوید کی لاش پہاڑوں سے برآمد ہوئی اغوا کاروں کے خلاف کیے گئے آپریشن میں 9 دہشت گرد مارے گئے۔ جبکہ حوالدار خان محمد نے آپریشن میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ آپریشن کے بعد ایک مزموم اور گمراہ کن پروپیگنڈا کے تحت مارے گئے دہشت گردوں کو معصوم شہری ظاہر کرنے اور بلوچ روایات کے خلاف دہشت گردی کے اس گھناؤنے واقعے سے توجہ ہٹانے کیلیۓ ان کو پہلے سے لاپتہ افراد کی فرضی لسٹ میں شامل کرنے کی کوشش کی گئی مارے گئے دہشت گردوں میں ایک سلیم بلوچ نامی دہشت گرد بھی شامل تھا جس کے بارے میں بے بنیاد دعویٰ کیا گیا کہ وہ پہلے سے لاپتہ اور سیکیورٹی فورسز کے حراست میں تھا۔ سلیم بلوچ ایک عرصے سے دہشتگرد کاروائیوں میں بھرپور حصہ لے رہا تھا جسکا ثبوت دہشت گردوں کی اپنی ہی بنائی ہوئی پچھلے سال اکتوبر کی وڈیو ہے جس میں اسے سیکورٹی فورسز پر حملہ کرتے ہوۓ باقی دہشت گردوں کیساتھ دیکھا جاسکتا ہے اس وڈیو میں سلیم بلوچ سیکورٹی فورسز سے چھینی گئی سرکاری جی تھری رائفل کے ساتھ فائر کرتا نظر آرہا ہے۔ ایک اور تصویر میں جی تھری رائفل کے ساتھ پوز بناتے ہوۓ بھی نظر آرہا ہے اسی آپریشن میں مارے گئے ایک اور دہشت گرد شہزاد بلوچ کی قبر پر بی ایل اے نے اپنا جھنڈا سجا رکھا ہے۔ اس طرح کے دہشت گردوں کو جبری گمشدہ افراد کے کھاتے میں ڈال کر انکو مظلوم اور ریاست کو ظالم کے طور پر پیش کیا جاتا ہے اس منفی اور منظم پروپیگنڈا کی وجہ سے نہ صرف عوام کو گمراہ کیا جارہا ہے بلکہ ریاستی اداروں کو مسلسل باعث تنقید بنایا جاتا ہے جبکہ زمینی حقائق اس سے یکسر مختلف ہیں۔

## غیر ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنس کے اجراء پر عائد پابندی ختم

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی کابینہ نے غیر ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنس کے اجراء پر عائد پابندی ختم کرنے اور مستقل اقامتی سرٹیفکیٹ (پی آر سی) کے اجراء کے لئے قانون سازی کرنے کی منظوری دے دی۔ جمعرات کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں کابینہ نے محکمہ داخلہ کو ہدایت کی کہ اسلحہ لائسنس کے اجراء کا طریقہ کار اور پی آر سی کے اجراء کی قانون سازی کے لئے جامع سفارشات کی تیاری کے لئے کمیٹی قائم کی جائے، کابینہ میں اتفاق میں اتفاق کیا گیا کہ کمیٹی میں تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور اسٹیک ہولڈرز کو شامل کیا جائے گا، صوبائی کابینہ کے اجلاس میں صوبائی کابینہ نے غیر ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنس کے اجراء پر عائد پابندی ختم کرنے اور مستقل اقامتی سرٹیفکیٹ (پی آر سی) کے اجراء کے لئے قانون سازی کرنے کی منظوری دیدی ہے۔

## کانگو وائرس سے ہلاکتیں، بلوچستان اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع

کوئٹہ (آن لائن) کلی شیخان میں 3 افراد کانگو وائرس سے جان کی بازی ہار گئے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے نے اس حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس صوبائی اسمبلی میں جمع کرادیا جاں بحق ہونے والوں میں عبدالرحمن، محمد اسماعیل اور نصیر احمد جان شامل ہیں جبکہ 2 افراد سردار محمد ولد حاجی مولاداد اور عجب خان ولد حاجی عبدالاحد کراچی میں زیر علاج ہیں۔

## پنجگور سے متصل جیرک بارڈر دس دن کے لیے بند رہے گا، ایرانی حکام

**ترقیاتی کام کے باعث جیرک بارڈر ایرانی حکام کی درخواست پر دس دن کے لیے بند رہے گا، ضلعی انتظامیہ**

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور سے متصل ایرانی بارڈر دس دن کے لیے بند کیا جارہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایرانی حکام نے ایک مراسلے کے ذریعے پنجگور انتظامیہ کو آگاہ کیا ہے کہ ایران کے سرحدی ایریا میں کچھ تعمیراتی کاموں کے سلسلے میں جیرک بارڈر کو دس دنوں کے لیے (25 جولائی تا 4 اگست 2022) تک بند کیا جارہا ہے لہذا اس دوران ایرانی حدود میں پاکستانی گاڑیوں کا داخلہ منع ہے خاص کر ڈیزل کے کاروبار سے منسلک گاڑیاں آنے کی زحمت نہ کریں ایرانی مراسلہ کی بابت جب ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے اس بات کی تصدیق کردی کہ جیرک بارڈر ایرانی حکام کی درخواست پر کاروباری سرگرمیوں کے لیے 25 جولائی سے 4 اگست تک بند رہے گا اس دوران ڈیزل کے کاروباری گاڑی مالکان اور ڈرائیور حضرات بارڈر جانے کی زحمت نہ کریں۔ واضح رہے پنجگور میں تیل اور دیگر خوردنی اشیاء کا انحصار ایران بارڈر پر ہے پچھلے ایک ہفتے سے ایرانی حدود میں کاروباری سرگرمیوں کو محدود کرنے سے پنجگور میں ویسے ہی پٹرول اور ڈیزل کا بڑا بحران پیدا ہوگیا ہے اب دس دنوں کی مزید بندش نے پنجگور میں پبلک ٹرانسپورٹ سمیت سرکاری مشینری کا بھی پہیہ جام ہوگا کیونکہ سرکاری مشینری کا انحصار بھی ایرانی آئل پر ہے پنجگور میں پاکستانی تیل کی فراہمی پی ایس او اور دیگر کمپنیوں کے سروس اسٹیشنوں کی کئی سالوں سے بندش کی وجہ سے رکا ہوا ہے۔ پنجگور کے کوٹے کا تیل ملک کے دیگر حصوں میں جاکر سپلائی ہوتا ہے عوامی حلقوں نے ایرانی حکام کی جانب سے بارڈر کو مکمل سیل کرنے پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے اسے سرحدی عوام کے ساتھ زیادتی قرار دیا ہے۔

## قومی شاہراہوں پر بھتہ خوروں کیخلاف فوری کارروائی کی جائے، کمشنر کوئٹہ

**ٹرانسپورٹرز اور عوام کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے، سہیل بلوچ کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کی زیر صدارت این اے 25 قومی شاہراہ پر ٹرانسپورٹرز سے بھتہ خوروں کے خلاف کارروائی کے حوالے سے اجلاس ہوا ڈی سی چمن حسن ہوت، ڈی سی پشین ظفر علی، ڈی سی قلعہ عبداللہ منیر خان، اوسی سیکرٹری 41 ڈویژن میجر طارق اور اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن بابر خان بھی اجلاس میں شریک تھے کمشنر کوئٹہ نے ڈپٹی کمشنرز کو سختی سے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹ یونین، دفاترز کو فوری طور پر ختم کرکے بھتہ خوروں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے جو پرچی یا دیگر ذرائع سے ٹرانسپورٹرز سے بھتہ وصول کرتے ہیں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ قومی شاہراہ پر چلنے والی ٹرانسپورٹ کی حفاظت کے لیے لیویز، ایف سی کی گشت کا خصوصی انتظام اور بھتہ خوروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی جائے کمشنر نے کہا کہ عوام اور ٹرانسپورٹرز کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے کسی کو بھتہ خوری کرنے نہیں دینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 2 Dated: 22 JUL 2022 Page No. 6


# بلوچستان سے مبینہ لاپتہ کئی افراد کالعدم تنظیم کے عہدیدار نکلے، ویڈیو فوٹیج میں اعتراف

کرنل لئیق بیگ کے بازیابی آپریشن میں 5 دہشتگرد مارے گئے، جن کے لاپتہ ہونے کا دعویٰ کیا گیا وہ کالعدم تنظیم کے کارندے تھے

کریم بخش کا بیٹا سلیم بلوچ ویڈیو میں واضح نظر آرہا، کالعدم تنظیم میں شمولیت پر 9 ماہ تربیت دی گئی، گرفتار دہشتگرد کا اعترافی بیان

اسلام آباد (خالد محمود) بلوچستان سے گرفتار ایک دہشت گرد کی ویڈیو فوٹیج (باقی صفحہ 5 نمبر 31)

اور اعترافی بیان سے پتہ چلتا ہے کہ بلوچستان سے لاپتہ کہلانے والے بہت سے افراد درحقیقت کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی کی سرپرستی میں پاک فوج کے خلاف لڑ رہے تھے۔ لیفٹیننٹ کرنل لائق بیگ مرزا اور ان کے کزن کے ایک شہری کے ہاتھوں اغوا کے بعد سکیورٹی فورسز نے زیارت میں بازیابی کا آپریشن شروع کیا۔ لیفٹیننٹ کرنل مرزا کو دہشت گردوں نے اس وقت شہید کر دیا جب وہ فورسز کا سامنا ہونے پر فرار ہو رہے تھے، شدید فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم بی ایل اے سے تعلق رکھنے والے ایسے 5 دہشت گرد مارے گئے جن کے لاپتہ ہونے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔ کچھ عرصہ قبل مبینہ طور پر بی ایل اے کی جانب سے جاری کی گئی ایک ویڈیو فوٹیج میں انکشاف کیا گیا تھا کہ جن بلوچ افراد کے لاپتہ افراد کے طور پر پروپیگنڈہ کیا جا رہا تھا، انہیں صوبے میں سکیورٹی اہلکاروں کے خلاف لڑتے اور مارتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ کریم بخش کا بیٹا سلیم بلوچ ایسے ہی عسکریت پسندوں میں سے ایک تھا جو فورسز کو نشانہ بنانے کے لیے بی ایل اے میں شامل ہوا تھا، جبکہ اس کے اہل خانہ نے اسے لاپتہ قرار دیا تھا۔ ایسی ویڈیو میں سلیم بلوچ ہتھیار اٹھائے اور سیکورٹی اہلکاروں پر فائرنگ کرتے ہوئے واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے۔ ویڈیو کلپ میں ایک اور دہشت گرد کی قبر بھی دکھائی گئی ہے جس پر بی ایل اے کا جھنڈا لگا ہوا ہے۔ ایک اور فوٹیج میں سلیم بلوچ سمیت دہشت گردوں کے درمیان ہونے والی گفتگو سنائی دے رہی ہے جس میں ایک نامعلوم شخص سکیورٹی فورسز پر حملے کے دوران بشام نامی اپنے ساتھیوں کو ہدایت دے رہا ہے۔ نامعلوم شخص نے بشام سے آدھے گھنٹے کے لیے رکنے کو کہا جس نے سوال کیا کہ کیا اس کی فلم بنائی جا رہی ہے۔ دریں اثناء نامعلوم شخص بھی دہشت گردوں کو آگے بڑھے بغیر فائرنگ اور قتل کرنے کی ہدایت کرتا ہے۔ شدید فائرنگ کے درمیان، نامعلوم شخص اپنے ساتھی سے کل کے ٹھکانے کے بارے میں بھی سوال کرتا ہے جبکہ ایک اور نور نامی شخص کو محتاط رہنے اور فائرنگ کرتے رہنے کو کہتا ہے۔ سلیم بلوچ، جو بعد میں ایک آپریشن میں مارا گیا تھا، مختلف تصاویر میں سکیورٹی اہلکاروں سے چھینا گیا اسلحہ بھی پکڑے ہوئے نظر آرہا ہے۔ کچھ دیگر تصاویر میں ایک اور دہشت گرد شہزاد بلوچ کی قبر کو بھی دکھایا گیا ہے جو بی ایل اے کے جھنڈے سے ڈھکی ہوئی ہے۔ سینئر صحافی فرزانہ شاہ نے ٹویٹ کیا کہ زیارت آپریشن میں مارا جانے والا ایک اور دہشت گرد شہزاد بھی بی ایل اے کے انٹیلی جنس اسکواڈ میں شامل تھا اور گزشتہ دو ماہ سے کرنل لئیق کی نقل و حرکت پر نظر رکھے ہوئے تھا۔ شہزاد کے ٹھکانے کا علم ہونے کے باوجود، شہزاد کے اہل خانہ نے اعلان کیا کہ وہ لاپتہ ہے۔ شہزاد کرنل لئیق کو محفوظ مقام پر لے جانے کا ذمہ دار تھا لیکن بروقت فوجی آپریشن کی وجہ سے وہ مشن کو پورا کرنے میں ناکام رہا۔ ایک اور ویڈیو میں ایک دہشت گرد غوث بخش، جسے ایک آپریشن کے دوران گرفتار کیا گیا تھا نے بتایا کہ کس طرح اس نے بی ایل اے میں شمولیت اختیار کی اور ایف سی چیک پوسٹ کو نشانہ بنانے سے پہلے اسے ملا امین نے نو ماہ تربیت دی۔

آئی جی کی زیر صدارت اجلاس

# محرم الحرام کیلئے ڈی پی اوز سے سیکورٹی پلان طلب

تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر جامع منصوبہ بندی اور مربوط رابطے کو فروغ دیکر سیکورٹی پلان تشکیل دیا جائے، آئی جی عبدالخالق شیخ

مشتبہ افراد پر کڑی نظر، سنیپ چیکنگ کا سلسلہ شروع کیا جائے، کسی قسم کی غفلت کی گنجائش نہیں۔ ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب، ڈی پی اوز کی سیکورٹی کے حوالے سے بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) محرم الحرام کے دوران صوبے کے تمام اضلاع میں پولیس فورس فول پروف سیکورٹی پلان تشکیل دے کر جلد از جلد سینٹرل پولیس آفس کو مطلع کریں تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر جامع منصوبہ بندی اور مربوط رابطے کو فروغ دیا جائے آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے جمعرات کے روز تمام ڈویژنل و ضلعی پولیس آفیسران کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کیا ویڈیو لنک اجلاس میں صوبے کے تمام ڈویژنل و ضلعی آفیسران نے شرکت کی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے آئی جی پولیس نے ہدایات جاری کیں کہ موجودہ علاقائی سیکورٹی حالات کے تناظر میں فورس کے تمام متعلقہ آفسران اس بات کو یقینی بنائیں کہ جن اضلاع میں محرم کے حوالے سے اجتماعات نہ بھی ہوں تب بھی سیکورٹی کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہ رہے تمام ضلعی آفیسران نے اپنے متعلقہ ضلع کی سیکورٹی کے حوالے سے آئی جی پولیس بلوچستان کو بریفنگ دی آئی جی پولیس بلوچستان نے ضلعی سطح پر ضلعی کوآرڈینیشن اجلاس فوری بلانے کی ہدایت دیتے ہوئے سختی سے تاکید کی کہ محرم الحرام کے حوالے سے سیکورٹی پلان پر ہر صورت عملدرآمد کیا جائے پولیس تمام ریجن میں داخلی و خارجی راستوں پر سنیپ چیکنگ کریں اور خصوصاً محرم کے دنوں میں جلوس کے روٹس کی کڑی نگرانی یقینی بنائی جائے علاوہ ازیں عاشورہ کے جلوسوں کے روٹس کے ساتھ ساتھ دیگر تمام رہائشی مکانات وغیرہ میں رہائش پذیر ہر افراد کے کوائف کی پڑتال کریں اور مشکوک افراد کے خلاف فوراً کارروائی عمل میں لائی جائے آئی جی پولیس نے تمام مکاتب فکر کے لوگوں سے اپیل کی کہ محرم الحرام کے خصوصی ایام کو پرامن طریقے سے اختتام پذیر کرنے کیلئے پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعاون کریں تاکہ تخریب کار عناصر کے ارادوں کو ناکام بنایا جاسکے یہ عوام کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں

قانونی تجارت کا فروغ چاہتے ہیں

# بلوچستان کی مال بردار گاڑیوں کو نہ روکا جائے، چیئرمین ایف بی آر

تاجروں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں ٹیکسز کی ادائیگی کے باوجود بلوچستان کی مال بردار گاڑیوں کو روکنا کسی طور درست اقدام نہیں، عاصم احمد

بازار چہ تفتان گیٹ وے سمیت دیگر راہداریوں کی فعالی اور ہمسایہ ممالک کیساتھ تجارتی تعلقات کو مستحکم کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں فدا حسین دشتی سے گفتگو

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) عاصم احمد نے کہا ہے کہ تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ کے ذریعے ہی معاشی خوشحالی کا خواب پورا کیا جاسکتا ہے، بازارچہ گیٹ وے تفتان اور دیگر کی جلد فعالی ہماری ترجیحات میں شامل ہیں، ڈیوٹی ٹیکسز کی ادائیگی کے باوجود بلوچستان کی مال بردار گاڑیوں کو روکنا کسی طور درست اقدام نہیں ایسا کرنے والوں کے خلاف ایکشن ہوگا، تجارت پیشہ افراد کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اسلام آباد میں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر فدا حسین دشتی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا فدا حسین دشتی نے گزشتہ روز چیئرمین ایف بی آر محمد عاصم سے اسلام آباد میں ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں بازارچہ تفتان گیٹ وے میں تاخیر، بارڈر ٹریڈ کے آٹومیشن کیلئے Weboc سسٹم میں کیوی سی آئی ماڈیول کو فعال کرنے اور پنجاب و سندھ میں ڈیوٹی ٹیکسز کی ادائیگی کے باوجود بلوچستان کی مال بردار گاڑیوں کو روکنے اور انہیں بے جا تنگ کرنے سے متعلق آگاہی دی اور تجویز دی کہ اس بابت ایک کمیٹی تشکیل دی جائے اس موقع پر چیئرمین ایف بی آر محمد عاصم کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت کی کوشش ہے کہ صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کو تمام تر سہولیات کی فراہمی یقینی بنا کر پیداواری شعبوں کو ترقی دی جائے انہوں نے کہا کہ بازارچہ تفتان گیٹ وے سمیت دیگر کی فعالی اور ان کے ذریعے ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات کو مستحکم بنانے کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اس سلسلے میں کسی طور بھی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی چیئرمین ایف بی آر محمد عاصم کا کہنا تھا کہ ڈیوٹی ٹیکسز کی ادائیگی کے باوجود بلوچستان کی مال بردار گاڑیوں کو روکنا قابل قبول نہیں اس بابت ذمہ داران کے خلاف ایکشن لیا جائے گا ہم قانونی تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا فوری خاتمہ چاہتے ہیں۔



# بلوچستان میں ہیلتھ کارڈ اجراء کا معاملہ تعطل کا شکار

محکمہ صحت اور صوبائی حکومت کے درمیان ہیلتھ کارڈ کیلئے انشورنس کمپنی کو دی جانیوالی سیڈ منی کے دورانیہ کے مسئلہ نے عوام کو سہولت سے محروم رکھا ہوا ہے

محکمہ صحت نے تین سال کیلئے سیڈ منی دینے کی سمری کابینہ کو بھجوائی، کابینہ نے ایک سال کی منظوری دی، سمری دوبارہ وزیراعلیٰ کو بھجوا دی گئی ہے، حکام

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں ہیلتھ کارڈ کے اجرا کا معاملہ تعطل کا شکار ہوگیا، محکمہ صحت اور صوبائی حکومت کے درمیان ہیلتھ کارڈ کیلئے انشورنس کمپنی کو دی جانے والی سیڈ منی کے دورانیہ کے مسئلے نے عوام کو ہیلتھ کارڈ سے محروم رکھا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق حکومت میں بلوچستان میں ہیلتھ کارڈ کے اجرا کے منصوبے پر کام کا آغاز کیا گیا جس کے تحت صوبے کے اٹھارہ لاکھ خاندانوں کو مختلف بیماریوں کے سلسلے میں دس لاکھ روپے تک کے علاج کی سہولت ملنا تھی تاہم سابق حکومت میں اس پر عملدرآمد نہ ہونے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہیلتھ کارڈ کے جلد اجرا کا اعلان کر رکھا ہے جس پر اب تک عملدرآمد نہ ہوسکا محکمہ صحت کے حکام نے بتایا ہے کہ محکمہ صحت نے ہیلتھ کارڈ کیلئے انشورنس کمپنی کو تین سال کیلئے سیڈ منی دینے کی سمری کابینہ کو بھجوائی تھی لیکن کابینہ نے ایک سال کی منظوری دی، جس میں صوبائی حکومت کو نقصان تھا اب یہ سمری دوبارہ تیار کر کے منظوری کیلئے وزیراعلیٰ کو بھجوائی گئی ہے، امید ہے جلد ہیلتھ کارڈ کے اجرا کا منصوبہ کا آغاز ہو جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 22 JUL 2022 Page No. 10


## منگچر: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مسافر کوچ کے ٹائر برسٹ، ڈرائیوروں کا احتجاج

**پک اپ میں سوار افراد فرار ہوگئے، شاہراہ بندش سے ہزاروں مسافر پھنس گئے، مذاکرات کے بعد احتجاج ختم**

قلات (نامہ نگار) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر منگچر کے علاقہ سوروہ میں پک اپ میں سوار نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک مسافر کوچ کے ٹائر برسٹ کردیے اور فرار ہوگئے۔ واقعہ کے خلاف بسوں کے ڈرائیوروں نے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلاک کردی۔ چار گھنٹے تک شاہراہ بند رہی جس سے دونوں جانب سینکڑوں گاڑیاں اور ہزاروں مسافر پھنس کر رہ گئے۔ ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن رمہراللہ بادینی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر منگچر بہرام سلیم اسسٹنٹ کمشنر قلات جہانزیب بلوچ تحصیلدار منگچر محمود احمد کرد، ایس ایچ او لیویز تھانہ منگچر علی اصغر بجاری ودیگر نے مذاکرات کرکے احتجاج ختم کرادیا۔ مزید تفتیش مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

## گوادر میں ریموٹ کنٹرول دھماکا، ایک شخص زخمی

**دھماکا جیونی میں گرلز مڈل اسکول کے قریب ہوا، دھماکے کے بعد تحقیقات جاری ہیں**

گوادر (نیٹ نیوز) گوادر میں ریموٹ کنٹرول دھماکے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق جیونی میں گرلز مڈل اسکول کے قریب بم دھماکا ہوا دھماکا ریموٹ کنٹرول سے کیا گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ زخمی کو اسپتال منتقل کردیا گیا۔ دھماکے کے بعد تحقیقات جاری ہیں۔

## ڈیرہ اللہ یار، فائرنگ سے ایک شخص زخمی، اشتہاری 14 سال بعد گرفتار

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کے نواحی علاقے گوٹھ سہراب خان پرکانی میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محراب بروہی نامی شخص زخمی ہوگیا جبکہ ملزمان فرار ہوگئے دریں اثناء ڈیرہ اللہ یار پولیس اور سی آئی اے نے مشترکہ کارروائی کے دوران 14 سال بعد قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم شمشیر کو گرفتار کرلیا۔

## نوشکی، آگ لگنے سے ٹرالر سامان سمیت جل کر راکھ بن گیا

نوشکی (نامہ نگار) آر سی ڈی شاہراہ جنگلات ایریا کیڈٹ کالج کے قریب تفتان سے آنے والے ٹرالر میں اچانک آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں لاکھوں روپے مالیت کے سگریٹ بھارتی پان، چھالیہ، ٹائر اور ٹرالر جل کر خاکستر ہوگیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعہ شارٹ سرکٹ کے باعث پیش آیا۔

## وڈھ، مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق ایک زخمی ہوگیا

خضدار (نامہ نگار) وڈھ میں مختلف واقعات کے دوران تین افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق جمعرات کو وڈھ شہر سے متصل قومی شاہراہ کے ہوٹل کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے عبدالنبی ولد حاجی علی شیخ سکنہ سراچو جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی نذیر احمد شیخ سکنہ زرچین وڈھ زخمی ہوگیا دریں اثناء وڈھ کے علاقے ورا کھالہ بیلار میں ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار عبدالرب ولد قادر بخش سالائی موقع پر جاں بحق ہوگیا علاوہ ازیں اوبھان کے مقام پر گھر میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے میر محمد عرف میرل جاں بحق ہوگیا۔

## کلی جیو، خنجر کے وار سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کلی جیو میں نامعلوم افراد نے خنجر کے وار کرکے راز محمد ولد محمد عمر سکنہ فیروز آباد کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے پولیس نے پانچ مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ، قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزم کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا

کوئٹہ (آئی این پی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج II/ماڈل ........ بقیہ نمبر 34 صفحہ 10 پر

کریمنل کورٹ کوئٹہ ون جناب شمس الدین سرپرہ نے قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزم کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور 5 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنادی ہے۔ سرکار کی جانب سے مقدمہ کی پیروی ای پی پی ندیم خلجی نے کی۔ استغاثہ کے مطابق ملزم کلیم اللہ اور مقدمہ میں نامزد مفرور ملزم سمیع اللہ نے سال 2017ء کے دوران کوئٹہ کے علاقے کلی گل محمد میں لڑائی جھگڑے کے دوران محمد اقبال کو قتل جبکہ نصیر احمد، نصیب اللہ اور احسان اللہ کو زخمی کیا تھا جس پر ائیرپورٹ پولیس کوئٹہ نے مقدمہ میں نامزد ملزم کلیم اللہ کو گرفتار کرکے مقدمہ کا چالان عدالت میں پیش کیا تھا گزشتہ روز مقدمہ کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے عدالت کے جج نے ملزم کلیم اللہ کو زیر دفعہ 302 کے تحت جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور 5 لاکھ روپے بطور جرمانہ جو ملزم زیر دفعہ 544A ض ف کے تحت مقتول کے ورثا کو ادا کرے گا کی سزا سنائی۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ملزم کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی عدالت نے زیر دفعہ 324 ت پ کے تحت جرم ثابت ہونے پر مذکورہ ملزم کو 5 سال مزید قید اور 20 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ملزم کو مزید 3 ماہ قید بھگتنا ہوگی، عدالت نے دفعہ 337A میں ملزم کو تیس تیس ہزار روپے بطور دمن زخمیوں نصیر احمد، نصیب اللہ اور احسان اللہ کو ادا کرنے کا بھی حکم سنایا عدالت نے مقدمہ میں نامزد مفرور ملزم سمیع اللہ کی حد تک مقدمہ کو سرخانے میں محفوظ رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## حب کے قریب کارروائی 22 سے زائد موٹر سائیکلیں برآمد

حب (نمائندہ انتخاب) اے وی ایل سی پولیس کی حب کے قریب یوسف گوٹھ کراچی میں کارروائی ایک اور 22 سے زائد مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد دو کار لفٹر گرفتار مقدمہ درج کرلیا اس حوالے سے ایس ایس پی اے وی ایل سی کے جاری ایک پریس ریلیز کے مطابق تفصیلات کے مطابق اے وی ایل سی پولیس بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

انچارج کے ایس ایچ او ناصر محمود نے حساس اداروں کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے مختلف علاقوں سے چوری اور چھینی ہوئی بائیس (22) موٹر سائیکلیں یوسف گوٹھ سعید آباد بلدیہ ٹاؤن سے برآمد کرکے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا اے وی ایل سی کراچی کے مطابق واضح رہے کہ ملزمان کراچی کے مختلف علاقوں سے موٹر سائیکلیں چوری اور چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث، عادی جرائم پیشہ اور اے وی ایل سی کو انتہائی مطلوب تھے جو کہ اس سے پہلے بھی گرفتار نہیں ہوئے تھے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 22 JUL 2022 Page No. 11


آئے روز چوری ڈکیتیوں کی وارداتوں سے عوام کا جینا محال' گھروں میں محصور ہو گئے' پولیس خواب خرگوش میں مبتلا کسی قسم کی کارروائی سے قاصر ہے' محمد رفیق لہڑی

# مستونگ میں چوروں ڈاکوؤں کا راج پولیس نے گھٹنے ٹیک دیئے بلوچستان عوامی پارٹی

عوام خوف و ہراس میں مبتلا' شہریوں کو چوروں' ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا' انتظامیہ جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرنے میں ناکام نظر آ رہی ہے

حکام بالا بڑھتی ہوئی وارداتوں اور بدامنی کے واقعات کا از خود نوٹس لیکر ایس پی اور ایس ایچ او سٹی کا فوری تبادلہ عمل میں لائیں' بصورت دیگر احتجاج کا راستہ اپنائیں گے رہنما بی اے پی کی اپیل

مستونگ (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی سینئر نائب صدر میر محمد رفیق لہڑی نے اپنے بیان میں پولیس ایریا مستونگ میں آئے روز سر عام گن پوائنٹ پر لوٹ مار، چوری و ڈکیتی راہزنی اور بدامنی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ پولیس انتظامیہ عوام کے جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، نااہل پولیس نے چوروں و ڈاکوؤں کے سامنے گھٹنے ٹیک دیئے شہریوں کو چوروں ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں چوری و ڈکیتیوں کی وارداتوں میں اس حد تک اضافہ ہوا ہے کہ خوف و ہراس کے باعث لوگ اپنے گھروں سے بھی نکلنے سے کترانے لگے ہیں جبکہ مستونگ میں کافی عرصے سے چوری ڈکیتی راہزنی کی وارداتوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور اب تو روزانہ وارداتیں رونما ہو رہی ہیں مگر پولیس انتظامیہ چوروں کو گرفتار کرنے میں ناکام نظر آ رہی ہے میر رفیق لہڑی نے کہا کہ تین سال قبل بھی مستونگ شہر میں بالکل اسی طرح کا ایک گینگ سرگرم ہو کر روزانہ کی بنیاد پر چوری و ڈکیتی کرتا پھرتا تھا لیکن اس وقت کے ڈی پی او مستونگ عنایت اللہ بنگلزئی نے انتہائی بہادری و دلیری سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لا کر چند ہی دنوں میں پورے شہر کو امن کا گہوارہ بنا دیا میر رفیق لہڑی نے کہا کہ آئی جی پولیس بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان سے اپیل ہے کہ مستونگ میں چوری و ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں بدامنی کے واقعات کا از خود نوٹس لیکر ایس پی مستونگ اور ایس ایچ او سٹی کا فوری تبادلہ کیا جائے اور مستونگ کے سابق فرض شناس ڈی پی او عنایت بنگلزئی کو مستونگ میں دوبارہ تعینات کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں کیونکہ سابق ڈی پی او عنایت بنگلزئی کے دور میں مستونگ سے جرائم پیشہ عناصر کا مکمل خاتمہ اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا تھا بصورت دیگر بی اے پی عوام کے ساتھ مل کر سخت سے سخت احتجاج کا راستہ اختیار اپنائی گی۔

# امدادی سامان من پسند افراد میں تقسیم ہو رہا ہے بی این پی پنجگور کا الزام

محکمہ موسمیات اور پی ڈی ایم اے الرٹ کے باوجود پنجگور انتظامیہ اور حکومت نے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے' نذیر احمد بلوچ

بڑے پیمانے پر بارشوں سے تباہی' انسانی جانوں کے ضیاع کی ذمہ داری حکومت اور ضلعی انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے' نظام جان بلوچ

تباہی کے باوجود وفاقی و صوبائی حکومتوں کیجانب سے ریلیف اور بحالی کا کوئی کام نظر نہیں آ رہا' رہنماؤں کی پریس کانفرنس

پنجگور (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر نذیر احمد بلوچ ضلعی آرگنائزر میر نظام جان بلوچ ڈپٹی آرگنائزر عبیداللہ بلوچ نے کہا کہ پنجگور میں تین جولائی سے 18 جولائی تک متواتر بارشوں اور سیلابی صورتحال نے پنجگور کے ہر شعبے کو تباہ کر کر رکھ دیا محکمہ موسمیات اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے الرٹ جاری ہونے کے باوجود پنجگور انتظامیہ اور صوبائی حکومت نے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے پنجگور میں بڑے پیمانے پر بارشوں سے تباہی اور انسانی جانوں کے ضیاع کی ذمہ داری حکومت اور خصوصاً ضلعی انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے بارشوں سے 10 افراد جاں بحق سینکڑوں مکانات کی دیواریں زمین بوس اور فصلیں تباہ ہو چکی ہیں صوبائی حکومت کی غفلت سے اب تک پنجگور کے عوام اور متاثرین بحالی اور ریلیف سے محروم ہیں پی ڈی ایم اے کی جانب سے فراہم کردہ امدادی سامان متاثرین کے بجائے بااثر امن پسند افراد اور ایک ہی جماعت کے کارکنوں میں تقسیم ہو رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی این پی کے ضلعی آفس میں طاہر موسیٰ بلوچ ریاض احمد بلوچ ڈاکٹر فضل محمد کامریڈ علی جان بلوچ عبدالقدیر بلوچ اور میر ارشاد نوشیروانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس دوران پارٹی کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی انہوں نے کہا کہ پنجگور میں 3 جولائی سے جاری بارشوں نے مکمل طور پر تباہی سے دوچار کیا پنجگور کے تمام شعبے متاثر ہونے کے بعد زراعت زرعی بندات باغات اور فصلیں تباہ جبکہ سیلابی ریلوں سے دیواریں اور مکانات گرنے سے 10 سے زائد افراد جاں بحق ہو چکے ہیں اتنی بڑی تباہی کے باوجود وفاقی و صوبائی حکومتوں کی جانب سے ریلیف اور بحالی کا کوئی کام نظر نہیں آ رہا

# بارکھان لیڈی میڈیکل آفیسر غائب خواتین کو علاج میں دقت کا سامنا

لیڈی میڈیکل آفیسر عرصہ دراز سے سرکاری ڈیوٹی سے غیر حاضر' پرائیویٹ کلینک رکنی میں بیٹھ کر چلانے لگی' کوئی پوچھنے والا نہیں

لواحقین مریضوں کو ڈیرہ غازی خان لے جانے پر مجبور' اکثر خواتین راستے میں ہی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتی ہیں' نوٹس لیا جائے' عوام کا مطالبہ

بارکھان (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بارکھان میں لیڈی میڈیکل آفیسر عرصہ دراز سے سرکاری ڈیوٹی سے غیر حاضر پرائیویٹ کلینک رکنی میں بیٹھ کر چلا رہی ہیں جس کی غیر حاضری کی وجہ سے خواتین مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لیڈی میڈیکل آفیسر نہ ہونے کی وجہ زچگی کے دوران مریضوں کو ڈیرہ غازی خان علاج کیلئے لے جایا جاتا ہے اکثر خواتین دوران زچگی راستے میں ہی زندگی ہار بیٹھتی ہیں ڈاکٹر موصوفہ ماہوار تنخواہ گھر بیٹھے وصول کرنے لگی کوئی پوچھنے والا نہیں عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو' صوبائی سردار عبدالرحمان کھیتران' چیف سیکرٹری بلوچستان سیکرٹری صحت ڈائریکٹر صحت' کمشنر لورالائی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بارکھان سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیڈی میڈیکل آفیسر کو ڈیوٹی کا پابند بنایا جائے اور غیر حاضری کا فوری نوٹس لیتے ہوئے محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 22 JUL 2022 Page No. 13

# ریکوڈک منصوبے پر کام کا آغاز، بلوچستان کے لئے بہت اچھی خبر

بلوچستان میں اہم ترین ریکوڈک منصوبے پر رواں سال اگست میں کام شروع ہوجائے گا جبکہ پیداواری عمل 2027ء تک متوقع ہے منصوبے کے تحت صوبے کے لوگوں کو تعلیم صحت، غذائی تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت 7500 سے زائد روزگار کے مواقع دستیاب ہونگے جن میں 4500 کے قریب طویل المدتی ملازمتیں بھی شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو اور بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو مارک برسٹو نے مشترکہ پریس کانفرنس میں بتایا کہ شراکت داری کے تحت 50 سو فیصد حصہ بیرک گولڈ کا ہوگا جبکہ وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت کا پچیس پچیس فیصد حصہ ہوگا۔ صوبائی حکومت کو سرمایہ کاری کے بغیر ہی رائلٹی اور ڈیوڈنڈ بھی دیا جائے گا۔ کمپنی دو مراحل میں سات ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔ بلوچستان کو سالانہ ایک ارب ڈالر کی آمدنی ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے مزید بتایا ہے کہ ریکوڈک سمیت تمام غیر ملکی سرمایہ کاروں کو مکمل سیکورٹی صوبائی حکومت فراہم کرے گی منصوبے کی ہر چیز پر سردار اختر مینگل، محمود خان اچکزئی، ڈاکٹر مالک بلوچ سمیت پوری سیاسی قیادت کو اعتماد میں لیا گیا ہے ریکوڈک معاہدہ بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ ترقی وخوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔ ریکوڈک منصوبے کا آغاز بلاشبہ بہت اہم پیش رفت ہے۔ یہ معدنی وسائل کی کانکنی کا ایک غیر معمولی منصوبہ ہے جس میں کان کنی کی عمر چالیس سال کے قریب ہوگی اس سے اعلیٰ معیار کے سونے اور تانبے کے ذخائر نکالے جائیں گے پہلے مرحلے میں پلانٹ چالیس ملین ٹن سالانہ کے حساب سے دھاتوں کی پراسیسنگ کرے گا جسے پانچ برسوں میں دگنا کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ اگر اس معاہدے کی تمام شقوں پر من وعن عملدرآمد کو ہوتو بلاشبہ یہ صوبے کی ترقی وخوشحالی کے حوالے سے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ 7500 ملازمتوں کے مواقع اور کانکنی والے علاقوں میں سماجی تحفظ کے منصوبے صوبے کے پسماندہ علاقے کے عوام کے لئے ایک تحفہ ثابت ہونگے، سرمایہ کار کمپنی کے سربراہ اور وزیراعلیٰ نے اس موقف کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں ہونے والی یہ سب سے بڑی سرمایہ کاری پائیدار ترقی اور خوشحالی کے عمل کو آگے بڑھائے گی۔ صوبے کو سالانہ ایک ارب ڈالر (دو سو ارب روپے سے زائد) کی آمدنی کو بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں اور عوام کی فلاح و بہبود پر لگایا جائے گا تو غیر معمولی نتائج سامنے آئیں گے۔ صوبے میں بے شمار معدنیات زیر زمین دفن ہیں۔ یہاں تیل وگیس، کوئلے، سنگ مرمر، تانبے سونے چاندی اور دیگر قیمتی دھاتوں کے وسیع ذخائر موجود ہیں کچھ ایسی معدنیات بھی موجود ہیں جو دفاعی مقاصد کے لئے استعمال کی جاتی ہیں یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کو پاکستان کا معاشی مستقبل قرار دیا جاتا ہے اور اسی وجہ سے غیر ملکی طاقتوں کی نظریں بھی صوبے پر مرکوز ہیں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو صرف ریکوڈک پر مطمئن ہوکر نہیں بیٹھ جانا چاہئے بلکہ بلوچستان کی سرزمین میں مدفون دیگر معدنی وسائل اور صوبے کے وسیع وعریض ساحل کو بروئے کار لانے کی بھی منصوبہ بندی کرنی چاہئے تاکہ ملک اور صوبے دونوں کی معیشت کو بہتر بنا کر عوام کو ترقی وخوشحالی کی جانب گامزن کیا جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظا مت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستا ن

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 JUL 2022 Page No. 14


## Curbing cholera outbreak

During the past two weeks Balochistan is in a serious grip of massive rains and floods due to which over 90 people, including women and children died while a large number of families have been rendered homeless. Currently, flood affectees are facing several problems including that of clean drinking water and other necessities of life. In such a situation, the spread of cholera and other diseases may further aggravate if flood affectees were not given due attention. The World Health Organization (WHO) has raised the alarm over a cholera outbreak in 16 districts of the Balochistan province. At least 14 people, mostly children and women, have died in the past week due to the cholera outbreak in Khuzdar and Zhob districts, taking the total death toll to 41. In the Zhob district, the WHO, estimates that at least 1,300 people have been infected over the past 10 days. Reportedly, over 200 patients were admitted to the district hospital. However, local activists fear that the total number of infected persons could be over 5,000. The situation in Khuzdar is similar where seven people have died due to the disease as over 100 patients had been admitted to the Khuzdar district hospital for treatment afected due to spread of cholera. After the first case was reported from Pir Koh in Dera Bugti on April 17, the waterborne disease spread to Gunj, Sheikhan Muhala and Kharotabad in Quetta. Dirty water and poor sanitation coupled with the intense heat wave are among the main causes of the outbreak. Cholera causes rapid dehydration through diarrhea and vomiting, especially among children. Extreme climate events were recorded in March and April in different parts of the country. The monsoon rains further have a devastating effect on the poor and lower middle class. In South Asia, the disease has caused significant morbidity and mortality, with 1.9 million confirmed cases originating in Bangladesh and 1.5 million in Pakistan. It is essential that the provincial government and its concerned authorities must take this issue seriously before cholera and other waterborne diseases could spread to other districts and affect more people. Though it is a big challenge for Balochistan government to provide relief and rehabilitate rain and flood affectees yet controlling different diseases from spread in which situation is also equally essential. The government must send its team to all districts affected due to cholera and provide best medical treatment to the affectees. It is hoped that the government will play an active role in this connection and bring the situation under its control.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 22 JUL 2022 Page No.



کوئٹہ: قائمقام گورنر میر جان محمد خان جمالی سے یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمن ملاقات کررہے ہیں



قائمقام گورنر میر جان محمد جمالی ایچ بی ایل پرسنٹیج کے افتتاح کے موقع پر میڈیا پرسنز سے بات چیت کررہے ہیں



قائمقام گورنر میر جان محمد جمالی کو معروف محقق اور ادیب یار محمد جان بادینی اپنی کتاب پیش کررہے ہیں



صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے انجینئر زمرک خان اچکزئی فوڈ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



قائمقام گورنر میر جان محمد خان جمالی سے سابق صوبائی وزیر میر ظفر زہری ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر خوراک زمرک خان اچکزئی فوڈ اتھارٹی کے اہلکاروں میں لیپ ٹاپ، کیمرے اور موٹر سائیکل تقسیم کررہے ہیں



مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو صوبے میں امن وامان کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں